بینک دولت پاکستان
شعبہ مبادلہ پالیسی
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

**ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 8 برائے 2025ء** **12 اگست 2025ء**

زرمبادلہ کے تمام مجاز ڈیلرز کے
صدور / چیف ایگزیکٹوز

محترم / محترمہ،

**تجارت پر مبنی منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی اعانت سے متعلق انتظامِ خطر کے فریم ورک پر نظر ثانی**

14 اکتوبر 2019ء کو ایف ای سرکلر نمبر 04 برائے 2019ء کے ذریعے جاری کیے جانے والے 'تجارت پر مبنی منی لانڈنگ اور دہشت گردی کی مالی اعانت سے متعلق انتظامِ خطر کے فریم ورک' کی جانب تمام مجاز ڈیلرز کی توجہ درکار ہے۔

2۔ اس فریم ورک کی اثر انگیزی کو مزید بڑھانے اور بدلتے ہوئے کاروباری تقاضوں اور ابھرتے ہوئے خطرات سے اسے ہم آہنگ کرنے کی غرض سے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ تجارت کی بنیاد پر منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی اعانت سے متعلق انتظامِ خطر کا نظر ثانی شدہ فریم ورک جاری کیا جائے، جو یہاں منسلک ہے۔

3۔ تمام مجاز ڈیلرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ نظر ثانی شدہ فریم ورک کے مطابق اپنی پالیسیوں، طریقہ کار اور نظاموں کی تجدید کریں تاکہ 31 اکتوبر 2025ء تک اس کی مکمل تعمیل کو یقینی بنایا جاسکے۔

4۔ ان ہدایات کی عدم تعمیل کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت مجاز ڈیلر کے خلاف کارروائی کی جاسکتی ہے۔

**منسلکہ:** تجارت پر مبنی منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی اعانت سے متعلق انتظامِ خطر کا فریم ورک

آپ کا مخلص

(ڈاکٹر آصف علی)
ڈائریکٹر